P.R.No.41/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد۔

Press Release

وفاقی محتسب نے ڈی چوک میں گاڑیوں کی لمبی قطار کا نوٹس لے لیا

سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل ماحولیات کو 29 اگست کو طلب کر لیا

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے تحفظ ماحولیات کی طرف سے گاڑیوں کی چیکنگ کے لئے اسلام آباد کے ڈی چوک میں پچھلے ڈیڑھ ماہ سے لمبی قطار کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات کو جمعہ 29 اگست کو طلب کر لیا ہے۔ وفاقی محتسب نے استفسار کیا ہے کہ اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے ریڈ زون کو ہی گاڑیوں کی کلیرنس کے لئے منتخب کیوں کیا گیا؟۔ گاڑیوں کی چیکنگ اور اسٹکرز لگانے کے لئے صرف ایک ہی پوائنٹ ہے یا کہیں اور بھی ایسی چیکنگ ہو رہی ہے۔ عوام الناس کی آگاہی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی آگاہی مہم چلائی گئی یا نہیں۔ کیا بزرگ شہریوں اور خواتین کے لئے الگ پوائنٹ بنایا گیا، کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کے لئے کلیرنس ضروری ہے اور یہ مہم کب تک جاری رہے گی، اس کے بعد کتنی فیس ہوگی وغیرہ وغیرہ۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ ماحولیات کی طرف سے اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے کئی ہفتوں سے چیکنگ جاری ہے اور روزانہ صبح سے شام تک لمبی قطاریں لگی رہتی ہیں جس سے عام شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوام کی اکثریت کو یہ بھی معلوم نہیں کہ اس لمبی قطار کا مقصد کیا ہے؟ وفاقی محتسب نے متعدد شکایات پر اس صورت حال کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے رجسٹرار محمد ثاقب خان کو انوسٹی گیشن آفیسر مقرر کیا ہے جنہوں نے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان کو جمعہ 29 اگست کو سماعت کے لئے طلب کر لیا ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

26 اگست 2025ء